## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی صدر آصف زرداری سے بجلی، گیس اور توانائی کے بڑھتے ہوئے بحران اور ملک کی موجودہ صورتحال پر گفتگو۔ الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری کو نئے سال کی مبارکباد پیش کی

## حکومت بجلی کی لوڈشیڈنگ اور پیٹرول کی قلت پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف دینے کی بھرپور کوشش کررہی ہے۔صدر آصف زرداری

لندن۔۔۔2 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو ٹیلیفون کرکے انہیں، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں وکارکنوں کو نئے سال کی مبارکباد پیش کی اور صدر مملکت سے ملک کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری سے گفتگو کرتے ہوئے دعا کی کہ نیا سال آپ اور آپکے بچوں کیلئے خوشیاں لیکر آئے اور ملک میں ترقی واستحکام ہو۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری سے بجلی، گیس اور توانائی کے بڑھتے ہوئے بحران اور موجودہ صورتحال پر بھی بات چیت کی۔صدر آصف زرداری نے بھی جناب الطاف حسین کو نئے سال کی مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک خیالات کا اظہار کیا۔بجلی اور توانائی کے بحران کے حوالے سے صدر آصف زرداری نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ حکومت بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ اور پیٹرول کی قلت پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف دینے کی بھرپور کوشش کررہی ہے۔

## ایم کیوایم ناظم آباد کے کارکن سید کامران کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 183 کے سینئر کارکن سید کامران علی شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن سید کامران علی شاہ انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## مرحوم کو پاپوش نگر کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔2، جنوری 2009۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ناظم آبا گلبہار سیکٹر یونٹ 183 کے سینئر کارکن سید کامران علی شاہ دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 40 سال تھی اور گزشتہ روز ان کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی جس پر انہیں قریبی اسپتال لیجایا گیا تاہم وہ اسپتال پہنچنے سے قبل ہی انتقال کرگئے۔سید کامران علی شاہ شادی شدہ تھے اوران کے پسماندگان میں بیوہ شامل ہیں۔مرحوم کو آج پاپوش نگر کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن صوبائی اسمبلی ریحان ظفر، حق پرست ٹاؤن ناظم اسامہ قادری، ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سید کامران علی شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## نیشنل پریس کلب راولپنڈی اسلام آباد کے نومنتخب عہدیداران کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔2/جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیشنل پریس کلب راولپنڈی اسلام آباد میں ہونیوالے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنیوالے پینل کے نومنتخب صدر طارق چوہدری اور سیکریٹری محمد افضل بٹ سمیت دیگر نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے امید ظاہر کی کہ کامیاب پینل کے نومنتخب عہدیداران صحافیوں، فوٹوگرافرز اور میڈیا سے وابستہ دیگر افراد کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

## علامہ طالب جوہری اور حافظ محمد سلفی سے حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب کی ملاقات

## محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو برقرار رکھیں، علمائے کرام

کراچی۔۔۔2، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے معروف عالم دین علامہ طالب جوہری اور حافظ محمد سلفی سے ملاقاتیں کیں اور محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے ان سے تعاون کی درخواست کی۔مولانا محمد انس مدنی، مولانا مطیع الرحمٰن مکی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، مولانا محمد ناصر یامین، نور محمد، انور رضا، حق پرست ٹاؤن ناظم گلبرگ ٹاؤن کمال احمد اور گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست نائب ٹاؤن ناظم شعیب اختر بھی ملاقاتوں میں شریک تھے۔اس موقع پر علامہ طالب جوہری اور حافظ محمد سلفی نے کہا کہ مذہب اور مسلک کے نام پر اشتعال انگیزی اور نفرت پھیلانے کا عمل اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے اور جو عناصر عوام کو فرقہ واریت کی بنیاد پر لڑانے کی سازش کررہے ہیں وہ اسلام اور مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کے باعث سندھ بھر میں تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام متحد ہیں اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کا خاتمہ ہوگیا ہے۔علامہ طالب جوہری اور حافظ محمد سلفی نے تمام مکاتب فکر سے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران
فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو برقرار رکھیں اور مقدس مہینے میں شرانگیزی اور اشتعال انگیزی پھیلانے والوں پر کڑی نظر رکھیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ بلا امتیاز رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، منورلعل

## یونائیٹڈ چرچ دستگیر گلبرگ میں دعائیہ تقریب کے موقع پر خطاب

کراچی۔۔۔2، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منورلعل نے اقلیتی عوام کو نئے سال کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم بلا امتیاز رنگ ونسل انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونائیٹڈ چرچ دستگیر گلبرگ میں سال نو کی دعائیہ تقریب سے خطاب کے موقع پر کیا۔تقریب میں مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں انہوں نے نعمت کالونی گلبرگ ٹاؤن میں اقلیتی کارکنان وعوام کے ہمراہ نئے سال کا کیک بھی کاٹا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے رکن شریف غوری بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں منورلعل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے رہنماء ہیں اور ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہیں۔بعدازاں انہوں نے صوبہ نگر دستگیر کا دورہ کیا اور عوام سے ملاقات کر کے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کرسمس اور نئے سال کی مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆